حربی تحقیقات کی روشنی میں قلم اٹھایا ہے۔ زیر تبصرہ کتاب اس موضوع پر تازہ ترین کامیاب کاوش ہے۔ فاضل مصنف نے سب سے پہلے جہاد کے موضوع پر بڑے علمی انداز میں بحث کی ہے اور جہاد کی نمایاں خصوصیات کو نہایت اچھے انداز میں واضح کیا ہے۔ اس کے بعد انہوں نے ان خصوصیات کی روشنی میں چودہ جنگوں کا جائزہ لیا ہے جن میں جنگِ اُحد، جنگ یرموک اور جنگ قادسیہ بھی شامل ہیں۔

فاضل مصنف نے مواد کی فراہمی، اس کی ترتیب و تدوین اور اس سے استنباط میں بڑی عرقریزی اور دیدہ وری کا ثبوت دیا ہے۔

یہ کتاب ہمارے علمی سرمائے میں قابلِ قدر اضافہ ہے۔ اس کاوش کے لیے کتاب کے فاضل مصنف اور ناشر دونوں ہدیۂ تبریک کے مستحق ہیں۔

---

تعلیماتِ اسلامیہ | تالیف مولانا محمد بن اسمٰعیل السلفی، استاذ علوم اسلامیہ سنٹرل ٹریننگ کالج، لاہور
ناشر: المکتبۃ السلفیہ، شیش محل روڈ، لاہور ۲۔ قیمت ۵۰۔ ۴۰۔ صفحات ۲۸۸۔

زیر تبصرہ کتاب اگرچہ بی ایڈ کے نصاب کی ضروریات کو پیش نظر رکھ کر لکھی گئی ہے لیکن اس سے عام قارئین بھی اچھا خاصا فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ اس کے مباحث اتنے جامع ہیں کہ ان میں اسلام کی پوری تعلیمات سمٹ کر آجاتی ہیں۔ آخر میں عربی زبان کے بنیادی قواعد کو بڑے اختصار کے ساتھ قلمبند کر دیا گیا ہے۔ کتاب کے مصنف معروف عالم دین مولانا محمد اسماعیل صاحب السلفی رحمۃ اللہ علیہ کے خلف الرشید ہیں اور سلامتی فکر کے ساتھ ٹھوس دینی معلومات بھی رکھتے ہیں۔

کتاب کا معیارِ طباعت و کتابت اچھا ہے۔

---